SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

April 9 2016
For immediate release

**SECP organizes roundtable on employees provident fund rules, 2016**

ISLAMABAD, April 9: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) conducted a consultative roundtable to seek feedback on Draft Employees Provident Fund (Investment in Listed Securities) Rules, 2016 (Rules) from market participants.

The said rules are aimed at regulating the investment made from the employees' provident fund by companies/institutions and important to safeguard the employee's savings. A large number of stakeholders from corporate sector, professional associations, and members of bar associations attended the roundtable.

Roundtable was chaired by Mr. Tahir Mahmood, Commissioner (Company Law Division) of SECP. Mr. Mahmood presented an overview of regulatory regime of SECP and highlighted importance of consultative process beneficial for development of regulatory framework.

The Companies Ordinance, 1984 prescribes requirement regarding investment of provident funds maintained by the companies. Owing to market dynamics and in order to encourage provident funds to make investments in listed securities in order to earn better returns, Employees Provident Fund (Investment in Listed Securities) Rules, 1996 were introduced back in 1996. With continuous innovation in equity markets and development of new products introduced by Non-Banking Finance Companies for better returns, Provident Funds have better choice now available in market. As risk and return go together, therefore, in order to protect savings of employees of the companies, SECP has drafted new rules for the purpose.

During the consultative session participants discussed issues about risk management practices for investments in equity securities, low returns on bank savings and government securities, limits to be prescribed in the Rules and role of trustees of the Provident Funds. Valuable feedback of the participants shall be taken care of while finalizing the proposed Rules.

ایمپلائز پراویڈنٹ فنڈ سے سرمایہ کاری کے قوائد پر عوامی مشاورت جاری

اسلام آباد [ اپریل ۹ ] سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے مختلف کمپنیوں اور اداروں کی جانب سے ملازمین کے پرویڈنٹ فنڈ کی سرمایہ کاری کو ریگولیٹ کرنے کے لئے جاری کئے گئے قوائد کے مسودہ پر مشاورت کے لئے رائونڈ ٹیبل کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔

مختلف کمپنیوناور اداروں کی جانب سے ایمپلائز پراویڈنٹ فنڈ رولز ملازمین کے پراویڈنٹ فنڈ کی سرمایہ کاری کو ریگولیٹ کرنے اور ملازمین کی بچتوں کے تحفظ کے لئے انتہائی اہم ہیں۔ کارپوریٹ سیکٹر، پیشہ ور تنظیموں ، آڈیٹرزاور وکلاء کی بڑی تعداد نے کانفرنس میں شرکت کی۔ ایس ای سی پی کے کمشنر

کمپنی لاء جناب طاہر محمو د نے رائونڈ ٹیبل کانفرنس کی صدارت کی ۔ انہوں نے تمام شرکاء کو ایمپلائز پراویڈنٹ فنڈ کے قوائد کے مسودہ کے اہم نکات سے آگاہ کیا اور ان کی اہمیت پر بریفنگ دی۔

یاد رہے کہ کمپنیات آرڈینس 1984کے تحت کمپنیاں اور ادارے اپنے ملازمین کے پراویڈنٹ فنڈ سے مختلف انوع کی سرمایہ کاری کر سکتی ہیں اور اس سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والے فوائد پر بھی ملازمین کا حق ہوتا ہے۔ آرڈینس میں پراویڈنٹ فنڈ کی سرمایہ کاری سے متعلق شرائط بھی واضح کر دی گئیں ہیں۔ پراویڈنٹ فنڈ سے کی جانے والی سرمایہ کاری کو ریگولیٹ کرنے اور ان فنڈز کی سکیورٹیز مارکیٹ میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنے کی غرض سے ۱۹۹۶میں قوائد جاری کئے گئے تھے۔ وقت گزرنے کے ساتھ اور سکیورٹیز مارکیٹ اور دیگر شعبونہونے والی تبدیلیوں کے پیش نظر ان قوائد کی تشکیل نو انتہائی اہم تھی۔ حصص کی مارکیٹ میں منافع اور خدشات ساتھ ساتھ چلتے ہیں لہذا، ملازمین کی بچتوں کو تحفظ فراہم کرنے لے لئے ان نءے قوائد میں اہم شرائط شامل کی گئی ہیں۔

کانفرنس کے دوران شرکاء نے ایس ای سی پی کی ٹیم کو قوائد کے بارے اپنی بیش قیمت آراء سے آگاہ کیا۔ قوائد کو حتمی شکل دیتے وقت ان کو پیش نظر رکھا جائے گا۔